# ڈائریکٹر رپورٹ برائے ممبران

کمپنی کے ڈائریکٹران 30 جون 2016 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کی سالانہ رپورٹ اور آڈٹ شدہ کمپنی حسابات کی تفصیل پیش کرتے ہیں۔

## 1۔ مالیاتی نتائج

کمپنی نے زیر جائزہ سال کے دوران درج ذیل عملی نتائج حاصل کئے ہیں۔

| | 2016 (Rs.'000s) | 2015 (Rs.'000s) |
|---|---|---|
| ٹیکس سے پہلے منافع | 15,759 | 3,272 |
| ٹیکس | 5,222 | 12,370 |
| ٹیکس کے بعد منافع | 10,537 | 9.098 |
| آمدنی فی حصص | 1.86 | (1.61) |

ہم آنے والے مشکل حالات سے پوری طرح آگاہ ہیں۔ ہماری پیشہ ورانہ محنتی ٹیم آنے والے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سخت محنت کر رہی ہے۔

## 2۔ آپریشنز کا جائزہ

جائزے کے تحت سال کے دوران واشڈ آئل کی کل پیداوار 7,012 میٹرک ٹن، کھل چورہ اور صابن 25,423 میٹرک ٹن رہی جبکہ پچھلے سال واشڈ آئل کی پیداوار 10,469 میٹرک ٹن اور کھل چورہ اور صابن کی کل پیداوار 19,300 میٹرک ٹن رہی۔

اسی طرح برائے سال واشڈ آئل کی فروخت 5,374 میٹرک ٹن اور کھل چورہ اور صابن کی فروخت 19,606 میٹرک ٹن رہی جبکہ گذشتہ سال واشڈ آئل کی فروخت 10,543 میٹرک ٹن اور کھل چورہ اور صابن کی فروخت 18,757 میٹرک ٹن تھی۔

مالی سال 2016-2015 کے دوران عالمی کساد بازاری اور مقامی غیر یقینی صورتحال کی وجہ سے ہماری فروخت 1,837.062 ملین روپے سے کم ہو کر 1,421.30 ملین روپے ہوگئی ہے۔ مقامی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں زبردست کمی اور بین الاقوامی مارکیٹ میں خام تیل کی مندی بھی فروخت میں کمی کی وجوہات تھیں۔ انتظامیہ تمام معاشی اور عمومی رکاوٹوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹیکس کے بعد خالص منافع پر 10,536 ملین روپے وصول کرنے میں کافی خوش ہے۔ آپ کی کمپنی کی انتظامیہ نے مارکیٹ میں اپنا حصہ برقرار رکھنے کے لیے اچھا کام کیا ہے۔ انہوں نے فنڈ مینجمنٹ کی موثر پالیسی کا استعمال کرتے ہوئے مالی اور عملیاتی لاگت پر قابو پانے کے لیے بھی اپنی پوری کوشش کی ہے۔ انتظامیہ نے مالیاتی لاگت اور آپریشنل لاگت کو بہترین فنڈ مینجمنٹ کے ذریعے کم رکھنے کی پوری کوشش کی۔

## 3۔ سات (7) سالوں کے اہم آپریٹنگ اور مالی اعداد و شمار کا خلاصہ

| | 2010 | 2011 | 2012 | 2013 | 2014 | 2015 | 2016 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فروخت | 1,225,234,901 | 1,623,310,511 | 2,397,217,503 | 2,298,702,124 | 1,528,661,058 | 1,837,061,912 | 1,421,340,266 |
| فروخت سامان کی قیمت | 1,148,891,937 | 1,508,464,916 | 2,282,207,405 | 2,177,613,704 | 1,435,275,470 | 1,746,878,928 | 1,319,820,100 |
| کل منافع | 76,342,964 | 114,845,199 | 115,010,098 | 121,088,420 | 93,385,588 | 90,182,984 | 101,520,166 |
| آپریٹنگ منافع | 62,257,942 | 97,937,711 | 95,570,787 | 102,812,444 | 69,260,876 | 67,146,549 | 70,515,865 |
| ٹیکس سے پہلے منافع | 15,137,334 | 62,893,332 | 52,306,242 | 55,747,557 | 31,920,290 | 3,271,499 | 15,759,125 |
| ٹیکس کے بعد منافع | 13,060,466 | 38,843,980 | 40,812,505 | 45,915,551 | 24,347,914 | (9,098,091) | 10,536,643 |
| اداشدہ سرمایہ | 56,5884,000 | 56,584,000 | 56,584,000 | 56,584,000 | 56,584,000 | 56,584,000 | 56,584,000 |
| موجودہ اثاثہ جات | 518,445,970 | 497,653,061 | 587,948,542 | 767,729,585 | 600,257,189 | 928,070,722 | 1,028,704,761 |
| موجودہ واجبات | 296,510,403 | 327,236,130 | 380,334,918 | 524,387,797 | 320,313,973 | 662,299,145 | 727,933,015 |

## 4۔ڈیویڈنڈ

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے نقد ڈیویڈنڈ 10% (2015: NIL) کی سفارش کی ہے۔

## 5۔ آڈیٹرز

موجودہ آڈیٹرز میسرز اسلم ملک اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس جو کہ ریٹائر ہو رہے ہیں اور سال 30 جون 2017 کے انتخاب کیلئے دوبارہ اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں۔

## 6۔ منعقدہ بورڈ میٹنگوں کا انعقاد۔

30 جون 2016 کو ختم ہونے والے سال کے دوران بورڈ کے چار (4) اجلاس منعقد ہوئے۔

| ڈائریکٹرز کے نام | اجلاس میں شرکت کی۔ |
|---|---|
| شہزاد علی خان | 5 |
| نوابزادہ وجاہت علی خان | 3 |
| چوہدری محمد ہمایوں | 4 |
| احسن الدین | 3 |
| نوابزادی بیگم شمیم شفقت | 4 |
| صفدر اقبال خان | 4 |
| شہریار علی خان | 4 |

غیر حاضری کی چھوٹ ان ڈائریکٹران کو دی گئی جو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔

## 7۔آڈٹ کمیٹی

بورڈ نے کارپوریٹ گورننس کے کوڈ کی تعمیل کرتے ہوئے مندرجہ ذیل ممبران پر مشتمل ایک آڈٹ ٹیم تشکیل دی ہے۔

| | |
|---|---|
| صفدر اقبال خان | چیئرمین |
| نوابزادہ وجاہت علی خان | ممبر |
| شہریار علی خان | ممبر |

## 8۔افرادی قوت اور معاوضہ کمیٹی

بورڈ نے کارپوریٹ گورننس کے کوڈ کی تعمیل کرتے ہوئے مندرجہ ذیل ممبروں پر مشتمل ایک افرادی قوت اور معاوضہ کمیٹی تشکیل دی ہے۔

| | |
|---|---|
| نوابزادہ وجاہت علی خان | چیئرمین |
| احسن الدین | ممبر |
| صفدر اقبال خان | ممبر |

## 9 ۔ واجب الادا قانونی ادائیگیاں

روزمرہ کے علاوہ ٹیکسوں، محصولات ، جرمانہ اور خرچے کی مد میں کوئی قانونی ادائیگی واجب الادا نہیں ہے۔

## 10 ۔شیئر ہولڈنگ کا نمونہ

30 جون 2016 کے حصص ہولڈنگ کا نمونہ لف ھذا ہے۔

## 11 ۔ڈائریکٹران کے تاثرات

کمپنی کے ڈائریکٹران نے کارپوریٹ کوڈ کا جائزہ لیا اور اس بات کی تصدیق کرتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا ہے کہ کمپنی نے سکیورٹیز اینڈ کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے متعین کردہ دفعات کی مکمل تعمیل کی ہے۔اور پاکستان سٹاک ایکسچینج ریگولیشن کے وضع کردہ بہترین اصولوں کے برعکس سنجیدہ نوعیت کی کوئی خلاف ورزی نہیں کی۔

a۔انتظامیہ کی طرف سے تیار کردہ مالی حسابات کمپنی کے امور کی درست اور منصفانہ عکاسی کرتے ہیں۔

b۔اکاؤنٹس کی مناسب کتابیں تیار کی گئی ہیں۔

c۔مالی حسابات کے تیاری میں پچھلے سالوں کی اکاؤنٹنگ پالیسیاں لاگو کی ہیں اور مالی تخمینہ جات معقول اور محتاط فیصلوں پر مبنی ہے۔

d۔ پاکستان میں مروجہ بین الاقوامی اکاؤنٹنٹ سٹینڈرز کو مالیاتی حسابات کی تیاری میں استعمال کیا گیا ہے۔

e۔انٹرنل کنٹرول کا وضع کردہ مستحکم طریقہ کار موثر انداز میں نگرانی کیلئے نافذ عمل ہے۔

f۔قلیل مدتی اثاثے قلیل مدتی واجبات سے 300.772 ملین روپے زیادہ ہیں اور حصص داران کی سرمایہ کاری مثبت میں ہے۔

g۔کارپوریٹ گورننس کے وضع کردہ بہترین اصولوں کے برعکس سنجیدہ نوعیت کی کوئی خلاف ورزی نہیں کی۔

## 12 ۔سماجی ذمہ داریاں

کمپنی کی انتظامیہ ماحولیات کے بارے میں اپنی معاشرتی ذمہ داریوں کو ذہن میں رکھے ہوئے ہیں اور وہ ماحول پر ہمارے آپریشن کے اثرات پر قابو پانے کیلئے پرعزم ہے اور پاکستان میں ایک بہتر اور ماحولیاتی دوست مستقبل کو فروغ دینے کیلئے آلودگی پر قابو پانے کیلئے ماحولیاتی قانون سازی کی تعمیل کرےگی۔

## 13۔آئیندہ کالائحہ عمل

ہم اپنی اچھی کارکردگی کو جاری رکھنے کا عزم رکھتے ہیں اور انشاءاللہ سخت محنت، بروقت فیصلہ اور اجتماعی کوشش سے تمام مشکلات پر قابو پالیں گے۔ہم امید کرتے ہیں کہ سال 17-2016 میں ہم بہتر مالی حیثیت پیش کرینگے۔تیل کے بیجوں کی قیمتوں میں عالمی سطح پر بڑھاؤ کا رجحان ہے جو ہماری موجودہ تیار شدہ مصنوعات کو بہتر نرخوں میں فروخت کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ہم مزید توقع کرتے ہیں کہ مقامی بیج کی فصل کے معیار میں مزید بہتری آئیگی اور اگلے مالی سال میں ہم بہتر پیداوار حاصل کرلیں گے۔

## 14 ۔اظہار تشکر

ہمارا یہ اعزاز ہے کہ ہم سال کے دوران کمپنی کے ملازمین کی طرف سے دکھائی جانے والی انتھک کوششوں اور لگن کیلئے بے حد مشکور ہیں۔

ہم اپنے قابل قدر ڈسٹری بیوٹرز، سپلائرز، فائنانسرز اور شیئر ہولڈرز کے تعاون اور ہماری کمپنی پر اعتماد پر انکا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

منجانب بورڈ

لاہور 6 اکتوبر 2017     چیف ایگزیکٹو     ڈائریکٹر